پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عثمان ڈار کے نامعلوم افراد کی جانب سے اغواء کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے عثمان ڈار کے اغواء اور جبری گمشدگی کی شدید مذمت عثمان ڈار کو فوری طور پر بازیاب کرنے اور مجاز عدالت کے روبرو پیش کرنے کا مطالبہ

لاقانونیّت اور غنڈہ گردی کی شرمناک تاریخ رقم کرنے والی ریاستی مشینری کی جانب سے تحریک انصاف کے رہنماؤں کو جبری طور پر لاپتہ کرنے کا نیا سلسلہ سامنے آیا ہے

پہلے سینیٹر عون عباس بپّی، پھر صداقت علی عباسی اور اب عثمان ڈار کو اغواء کیا گیا ہے جبری طور پر لاپتہ کئے جانے کے بعد عمائدین کو ذہنی اور جسمانی کوفت پہنچا کر تحریک انصاف سے راہیں جدا کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے

تحریک انصاف کو کچلنے کا یہ نیا کلیّہ اور پیٹرن بھی پہلے حربوں کیطرح ناکام ہوگا، انشاءاللہ ننگی ریاستی غنڈہ گردی کا پورے عزم و استقلال سے مقابلہ کریں گے اور آئین و قانون کو ان کی گرفت سے آزاد کروائیں گے

عدلیہ کمزوری اور اضمحلال کی افسوسناک کیفیّت سے باہر نکلے اور بنیادی حقوق و قانون کے تحفظ کے حوالے سے ان غنڈہ صفت عناصر کو اپنے وجود کا احساس دلوائے

پاکستان تحریک انصاف